## سوال

(126) سورۃ فاتحہ پڑھنے کو غنیمت جانو

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ قول کس کتاب میں ہے۔ کہ "امام دو دفعہ سکتہ کرتا ہے، اس میں سورۃ فاتحہ پڑھنے کو غنیمت جانو۔" اور یہ صحیح ہے یا ضعیف؟ (وقار علی مبین الیکٹرونکس امین پارک لاہور)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ قول امام بخاری رحمة اللہ علیہ کی کتاب جزء القراءۃ میں موجود ہے۔ (مترجم مع عربی ص133 ح269 ب) اس کی سند حسن لذاتہ ہے یعنی یہ صحیح وقابل حجت ہے۔ نیز دیکھئے ماہنامہ شہادت اسلام آباد، مارچ 2000ء ج 7 شمارہ: 3 ص32-37) (الحدیث: 14)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاوی علمیہ

## جلد1۔ کتاب الصلاۃ۔ صفحہ305

محدث فتویٰ